Nur al-Hasan Khan

قال الله سبحانه وتعالى اقتربت الساعة وانشق القمر

Iqtirab al-sa'ah

اِقتِرابُ الساعة

Butt

طبع في مطبعة مفيد عام الكائنة في آگره

بادارة المنشي محمد احمد خان

الصوفي سلمه الله

تعالى

۱۳۰۱هـ

جسپر وہ سکوت کرتے ہین وہ حدیث لایق حجت ہوتی ہے ترمذی نے اسکو حسن صحیح
کہا ہے شیعہ نے ان حدیثون کو تحریف کرکے یہہ کہا ہے کہ نام مہدی کا محمد بن حسن
عسکری ہے آسکار د اشاعہ مین لکہا ہے عبد الوہاب شعرانی نے کتاب یواقیت
وجواہر مین اس قول کو طرف صاحب فتوحات کے بہی منسوب کیا ہے مگر فتوحات
مین موجود نہین غالبا کسی شیعہ نے کسی نسخۂ یواقیت مین ٹہونس دیا ہوگا اسلیے
کہ یہہ کتاب حیات شعرانی مین صاف نہین ہوئی تہی اسیطرح انکے طبقات کبری ۱؎
مین یہہ مضمون بڑہا دیا ہے کہ عقب فقط امام حسین سے ہے نہ انکے بہائی حسن سے
یعنی طباطبا اولاد حسن ملک مصر سے نکالی گئی پہر شعرانی کسطرح اس بات کا مصری ہوکر
انکار کرسکتے ہین معلوم ہوا کہ کسی رافضی کا شعبدہ ہے انتہی **دوسرا مقام**
مہدی کا لقب جابر ہے کنیت ابو عبد اللہ قاضی عیاض نے کہا کنیت ابو القاسم ہے
مگر سند اسکی ذکر نہین کی **تیسرا مقام** نسب انکا یہہ ہے کہ اہل بیت نبوت سے
ہونگے روایات کثیرہ صحیحہ مشہورہ مین یہہ ہے کہ اولاد فاطمہ علیہا السلام سے
ہین بعض مین آیا ہے اولاد عباس ہین مین کہتا ہون عباسیہ مین ایک خلیفہ
مہدی نام گذر چکے لکن اونمین علامات مہدی موعود موجود نہ تہی اونکے زمانے مین
سیاہ نشان بہی طرف سے خراسان کے آئے تہے جسطرح مہدی کیلیے آوینگے ان سے
پہلے منصور خلیفہ بہی ہوا جسطرح مہدی موعود سے پہلے ایک منصور نام ہوگا اس سے
معلوم ہوا کہ یہی ٹہیک ہے کہ وہ بنی فاطمہ ہین نہ عباسی بعض روایات مین اولاد
حسن آیا ہے بعض مین اولاد حسین ہوسکتا ہے کہ دونون سے نسب ملتا ہو طرف
سے امہات کے اسیطرح کوئی رشتہ عباس سے بہی پہونچتا ہو حدیث ام سلمہ مین
ہے المهدی من عترتی من ولد فاطمة رواه ابوداؤد وابن ماجة والحاکم
اسکی سند مین ذرا سا ضعف ہے **چوتہا مقام** مولد انکا مدینہ ہے رواہ نعیم

۱؎ شعرانی خود اپنی بعض تصانیف مین اپنے ناسخون کی شکایت کرتے ہین کہ میری کتابون مین لوگون نے تحریف و تغییر کر ڈالی ہے ۱۲ منہ

بن حماد عن علی رضی اللہ عنہ قرطبی نے تذکرہ مین ذکر کیا ہے کہ مولد انکا بلاد
مغرب مین ہوگا وہان سے یہان آوینگے دریا اوتر کرانتھے **پانچوان مقام**
بیعت ان سے کے مین شب عاشورا درمیان رکن و مقام کے ہوگی **چھٹا مقام**
مہاجر انکا بیت المقدس ہوگا بعد انکی ہجرت کے مدینہ ویران ہوجاویگا وحوش
آرہین گے حدیث مین آیا ہے آبادی بیت المقدس کی ویرانی ہے مدینے کی
ساتوان مقام حلیہ انکا یہہ ہے گندم رنگ گوشت کم میانہ قد کشادہ
پیشانی اونچی ناک پتلا بانسا کمان ابرو دونون بہون مین فرق بڑے انگہہ
سیاہ چشم سرگمین ویدہ چمکدار دانت جدا جدا داہنے گال مین کالا تل مونہہ
ایسا روشن جیسے چمکتا تارہ گھنی ڈاڑہی ہتیلی مین علامت نبی صلعم کی کشادہ ران
رنگ عربی بدن اسرائیلی زبان مین بوجہہ یعنی لکنت جب بات کرتے مین دیر
ہوگی تو بائین ران پر سیدھا ہاتہہ مارینگے **آٹھوان مقام** عمر انکی چالیس
برس کی ہوگی ایک روایت مین ہے تیس چالیس کے بیچ مین ہوگی خشوع کرینگے
اللہ کے لئے جسطرح پرندہ اپنے باز وجہکاتا ہے ایک سفید عبا قطرانی پہنے ہوئے
جسکی جہالر چہوٹی ہوگی خُلق مین جیسے نبی صلعم خَلق مین الگ یعنی سیرت مین مثل پیغمبر
صلعم کی صورت مین علحدہ **نوان مقام** برتاوٗ انکا یہہ ہوگا کہ عمل کرینگے سنت
رسول خدا صلعم پر نہ کسی سوتے کو جگاوینگے نہ کسی کا خون بہاوینگے سنت یعنی عمل
بالحدیث پر مقاتلہ کرینگے کسی سنت کو بے قائم کئے نچہوڑینگے نہ کسی بدعت کو مگر اوسکو
اوٹہا دینگے آخر زمانہ مین دین کے ساتہہ اوسیطرح پر قایم ہونگے جسطرح نبی صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم اول زمانہ مین قائم ہوئے تہے ساری دنیا کے مالک ہوجاوینگے
جسطرح ذوالقرنین و سلیمان علیہ السلام مالک ہوئے تہے صلیب کو توڑینگے سوَر
کو قتل کرینگے مسلمانون کیطرف اونکی الفت و نعمت پہیر دینگے زمین کو عدل و انصاف